نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

26 اگست 2010ء

برائے فوری اجراء

459/2010

ریکارڈ کی درستگی کیلئے: یوایس ایڈ کے ایڈمنسٹریٹر کا دورۂ سکھر

اسلام آباد (26 اگست 2010ء) ___ کئی پاکستانی اور بین الاقوامی ذرائع ابلاغ نے غلط طور پر یہ خبر شائع کی ہے کہ امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یوایس ایڈ) کے ایڈمنسٹریٹر ڈاکٹر راجیو شا نے فلاح انسانیت کی جانب سے چلائے جانے والے ایک امدادی کیمپ کا دورہ کیا جس کا تعلق مبینہ طور پر کالعدم دہشتگرد تنظیم لشکر طیبہ سے ہے۔

حقیقت میں ڈاکٹر شا نے سکھر میں ڈبل سیشن اسکول کا دورہ کیا تھا جہاں عارضی طور پر قیام پذیر 1,200 سیلاب زدگان کو یوایس ایڈ کے اشتراک کار امدادی اشیاء فراہم کر رہے تھے۔ یوایس ایڈ کے اشتراک کار 16 اگست سے اس اسکول میں متاثرین سیلاب کو مدد بہم پہنچا رہے ہیں۔ ڈبل سیشن اسکول ایک سرکاری تعلیمی ادارہ ہے جو حکومت پاکستان کی نگرانی میں کام کرتا ہے۔ اپنے دورے کے دوران ڈاکٹر شا کا کسی بھی وقت کالعدم انتہا پسند تنظیم کے ارکان سے آمنا سامنا یا ملاقات نہیں ہوئی۔

سکھر میں ایک پریس کانفرنس میں ڈاکٹر شا نے اعلان کیا کہ امریکہ پاکستان میں سیلاب کے بعد جلد بحالی کی کارروائیوں کیلئے مزید 50 ملین ڈالر فراہم کر رہا ہے۔ اس وقت امریکہ سیلاب کے اثرات سے نمٹنے کیلئے 200 ملین ڈالر کے علاوہ مزید سامان اور تکنیکی امداد بھی فراہم کر رہا ہے۔

ہم سکھر میں واقع ڈبل سیشن اسکول کے متعلق تمام سوالات کے جوابات حکومت پاکستان پر چھوڑتے ہیں۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ

http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلفٹن لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11-اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800